## ملک پر کڑا وقت ہے، ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے مسلح افواج کے بہادر افسروں اور جوانوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔الطاف حسین

## ملک کے ممتاز فنکار عمر شریف سے ٹیلیفون پر گفتگو،سوات، دیر، بونیر،شانگلہ اور دیگر علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کیلئے امداد جمع کرنیوالے فنکاروں کو سلام تحسین

## اس نازک وقت میں فنکاروں نے نہ صرف مسلح افواج سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے بلکہ مصیبت زدہ خاندانوں کیلئے امداد جمع کر کے انہیں یہ پیغام دیا ہے کہ وہ انکے دکھ درد کو محسوس کرتے ہیں اور انہیں اپنا سمجھتے ہیں

لندن۔۔۔19 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک پر کڑا وقت ہے اور مسلح افواج کے افسران اور جوان پاکستان کو بچانے اور ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں، پوری قوم مسلح افواج کے ان بہادر افسروں اور جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے۔انہوں نے یہ بات آج ملک کے ممتاز فنکار عمر شریف سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردوں سے مظالم سے بچنے کیلئے سوات، دیر، بونیر،شانگلہ اور دیگر علاقوں سے لاکھوں خاندان اپنے بال بچوں سمیت گھر چھوڑنے پر مجبور ہوگئے ہیں جو مختلف علاقوں میں کیمپوں میں بے سروسامانی کے عالم میں زندگی گزار رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے ممتاز فنکاروں کی جانب سے متاثرہ افراد کیلئے امداد جمع کرنے کو شاندار الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا کہ اس نازک وقت میں فنکاروں نے میدانِ عمل میں آکر نہ صرف ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلانے میں مصروف مسلح افواج سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے بلکہ سوات، دیر، بونیر،شانگلہ اور دیگر علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کیلئے امداد جمع کر کے انہیں یہ پیغام دیا ہے کہ وہ ان مصیبت زدہ بھائیوں کے دکھ درد کو محسوس کرتے ہیں اور انہیں اپنا سمجھتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ فنکار بہت حساس طبقہ ہوتا ہے اسی لئے انہوں نے صوبہ سرحد کے متاثرین کی تکالیف کو محسوس کرتے ہوئے ان کیلئے گلی گلی جاکر عطیات جمع کئے۔ جناب الطاف حسین نے متاثرین کیلئے عطیات جمع کرنے پر عمر شریف اور تمام فنکاروں کو سلام تحسین پیش کیا اور کہا کہ فنکاروں نے یہ عمل کر کے انسانیت کی خدمت ہے جو افضل عبادت ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے کروڑوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان کی پہلی کھیپ فوجی طیارے C-130 کے ذریعے اسلام روانہ کردی

## خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک کا پہلا فلاحی ادارہ ہے جس نے سب سے پہلے اپنی امداد سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین تک پہنچانے کیلئے فوجی طیارے C-130 کا استعمال کیا

کراچی۔۔۔19مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے منگل کے روز سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے غذائی اجناس، ملبوسات اور دیگر اشیائے ضرورت پر مشتمل پانچ بڑے ٹرک پر امداد کی پہلی کھیپ فوجی طیارے C-130 کے ذریعے اسلام آباد روانہ کردی گئی ہے ۔ یہ امداد گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان ، رابطہ کمیٹی کے رکن اور فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی شعیب احمد بخاری نے پی ایف بیس فیصل پر گروپ لیڈر مقصود اور کیپٹن یوسف کے حوالے کی۔امدادی اشیاء میں بھاری مالیت اور مقدار کے راشن کے پیکٹ، بچوں مردوں اور خواتین کے ملبوسات، خواتین اور بچیوں کے سینڈل، بچوں کے جوتے، مٹی کے تیل کے چولہے اور ادویات کی بہت بھاری مقدار شامل ہیں ۔واضح رہے کہ گزشتہ روز ایئر وائس مارشل ارشد قدوس نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو یہ پیشکش کی تھی کہ وہ متاثرین کی بحالی کیلئے اپنی امداد C-130 طیارے کے ذریعے بھیج سکتی ہے جس کے بعد امداد کی یہ پہلی کھیپ روانہ کی گئی۔ واضح رہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک کا پہلا وہ ادارہ ہے جس نے سب سے پہلے اپنی امداد سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین تک پہنچانے کیلئے فوجی طیارے C-130 کا استعمال کیا۔

## صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات کی طرح کراچی اور سندھ میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی محبّ وطن عوام کے لئے لمحہ فکریہ ہے، شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔19 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے پاکستان طالبان دہشت گردوں کی لگائی ہوئی آگ میں جل رہا ہے اور اس نازک موقع پر ملک بھر کے عوام مسلح افواج کے ہمقدم ہیں ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات کی طرح کراچی اور سندھ میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی محبّ وطن عوام کے لئے لمحہ فکریہ ہے اور جب تک ان دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی اس وقت تک ملک کو اندرونی طور پر مستحکم نہیں کیا جاسکتا ہے؟ ملک کے استحکام کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر کراچی کو لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گردوں کے جبری تسلط سے فی الفور نجات دلانے کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں ۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین بار بار طالبان کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں سے اعلیٰ حکام اور دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کی توجہ مبذول کراتے رہے ہیں مگر ان کی باتوں پر کسی نے بھی دھیان نہیں دیا اور آج جناب الطاف حسین کی گئی تمام باتیں ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی سچ ثابت ہورہی ہیں، کراچی سے بھی گزشتہ روز القاعدہ کے دہشت گرد جدید اسلحہ سمیت پکڑے گئے جبکہ اس سے قبل بھی اسلحہ سے بھری بس سائیٹ کے علاقہ سے پکڑی جاچکی ہے جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دہشت گرد ملک کے صنعتی حب کراچی میں بڑی واردات کرنے کے درپے ہیں ۔ شعبہ خواتین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی روشنی میں ملک کے استحکام اور سلامیت کیلئے ایم کیو ایم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریگی اور ایم کیو ایم آپریشن کے باعث نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کیلئے بھی سرگرم ہیں اور انہیں مصیبت کی گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑے گی ۔

## طالبانائزیشن کی سازش ملک کے استحکام اور سلامیت کے خلاف ہے، مسلح افواج کا آپریشن عوامی خواہشات کی تکمیل ہے، اے پی ایم ایس او

## جناح پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ سیکٹرسی کے زیر اہتمام منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے چیئرمین وحید الزماں کا خطاب

کراچی ۔۔۔19 مئی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحید الزماں نے کہا ہے کہ طالبانائزیشن کی سازش ملک کے استحکام اور سلامیت کے خلاف ہے اور اس سلسلے میں مسلح افواج کی جانب سے سوات ، دیر ، بونیر اور شانگلہ کے علاقوں میں کارروائی عوامی خواہشات کی تکمیل ہے ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز جناح پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ سیکٹرسی کے زیر اہتمام منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سیکریٹری عمران معین نے بھی خطاب کیا ۔ اپنے خطاب میں وحید الزماں نے کہا کہ دہشت گردی اور شدت وانتہاء پسندی سے ملک بھر کو خطرات لاحق ہیں اور اس سے نمٹنے کیلئے جس طرح صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات میں مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز آپریشن کر رہی ہیں اسی طرح طالبان نیٹ ورک کی اندرون ملک سرکوبی بھی ضروری ہے تاکہ وہ تخریبی اور خودکش بم دھماکوں کی کارروائیاں نہ کرسکیں اور سخت ترین اقدامات کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جاسکے ۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہر کارکن پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جناب الطاف حسین کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیں اور طالبانائزیشن کے خلاف اپنا بھرپور کردار ادا کر کے ملک کے استحکام کو خطرات سے دوچار ہونے سے بچائیں ۔

## کراچی اور سندھ بھر کے تعلیمی اداروں کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ، اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔19 مئی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین و مرکزی کابینہ کے اراکین نے کراچی اور سندھ بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث طلباء کو امتحانات کے دوران ہونے والی پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا کہ تعلیمی اداروں کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موسم گرما میں بھی کے ای ایس سی کی جانب سے بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہیں جس سے نہ صرف صنعتی، کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں بلکہ طلباء کو امتحانات کے دوران شدید مشکلات کا سامنا ہے اور ان کی پڑھائی متاثر ہورہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور سندھ بھر میں بجلی کا بحران طلبہ وطالبات کے مستقبل پر کاری ضرب ہے اور اس سے ملک کی نوجوان نسل ذہنی کرب اور اذیت میں مبتلا ہے اور ان میں شدید غم وغصہ بھی پایا جارہا ہے ۔ اے پی ایم ایس او نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی، سندھ اور بالخصوص تعلیمی اداروں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، کے ای ایس سی کی نا اہل انتظامیہ کی غفلت کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارے کو قومی تحویل میں لیا جائے اور شہریوں سمیت طلباء کو بجلی کے بحران کے عذاب نجات دلانے کیلئے فی الفور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں ۔

## صوفی محمد اور دیگر نام نہاد طالبان رہنماؤں نے افہام وتفہیم اور مذاکرات کے ذریعے طے پانے والے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی کی، معصوم عوام کی جان ومال غیر محفوظ ہوکر رہ گئی تھی جس کے باعث حکومت کو وہاں آپریشن کرنا پڑا، فرخ اعظم

## بن قاسم ٹاؤن سیکٹر میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔19، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ مسلح افواج کی جانب سے صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات میں دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے کئے جانے والے آپریشن پر تنقید کرنے والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنما اس وقت کہاں تھے جب متاثرہ علاقوں میں طالبان نام نہاد اور خود ساختہ شریعت کے نام پر معصوم و بے گناہ عوام کا قتل عام کررہے ہیں اور ان پر اپنی جبری شریعت مسلط کررہے تھے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت بن قاسم سیکٹر میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن ندیم سومرو بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ مسلح افواج کی جانب صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کیا جانیوالا آپریشن ملکی استحکام اور سلامیت کو مضبوط کریگا جبکہ اس سے قبل صوبہ سرحد میں طالبان دہشت گردوں کی دہشت گردیوں کے باعث وہاں حکومتی رٹ مکمل طور پر ختم ہوچکی تھی جبکہ وہ جماعتیں جو آج آپریشن کی مخالفت کررہی ہیں، افہام وتفہیم کے راستے اختیار کرنے کی باتیں کررہی ہیں انہیں بھی یہ اچھی طرح معلوم ہے کہ صوبہ سرحد میں حکومت نے افہام وتفہیم اور مذاکرات کا راستہ ہی اختیار کیا تھا لیکن صوفی محمد اور دیگر نام نہاد طالبان رہنماؤں نے افہام وتفہیم اور مذاکرات کے ذریعے طے پانے والے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی کی معصوم عوام کی جان ومال غیر محفوظ ہوکر رہ گئی تھی جس کے باعث حکومت کو وہاں آپریشن کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے قومی اسمبلی میں بھی نظام عدل ریگولیشن کی بھرپور مخالفت کی تھی اور طالبانائزیشن کے حوالے سے ایم کیوایم کا مئوقف دنیا بھر میں درست تسلیم کیا جارہا ہے۔فرخ اعظم نے مطالبہ کیا کہ کراچی اور سندھ بھر میں بھی طالبان دہشت گردوں، لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کے گٹھ جوڑ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس عفریت کا ملک بھر سے صفایا کرکے عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## طالبانائزیشن کی آڑ میں نہ صرف اسلام کو بدنام کیا جارہا ہے بلکہ پختون قوم کی ثقافت اور روایت کو بھی بری طرح سے کچلا جارہا ہے، گلفراز خان انچارج پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

## گڈاپ ٹاؤن میں کارکنان کے اجتماع اور نیوسبزی منڈی میں پختون محنت کشوں سے بات چیت

کراچی ۔۔۔19، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا ہے کہ کراچی کے علاقے ماڈل کالونی سے 4 القاعدہ کے دہشت گردوں کی جدید اسلحہ سمیت گرفتاری نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کے حوالے سے خدشات کو ایک مرتبہ پھر درست ثابت کردیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 میں کارکنان کے اجتماع اور نیوسبزی منڈی میں پختون محنت کشوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ظفر اقبال اور ندیم احمد بھی موجود تھے۔گلفراز خان نے کہا کہ صوبہ سرحد سمیت ملک بھر میں طالبانائزیشن کی آڑ میں نہ صرف اسلام کو بدنام کیا جارہا ہے بلکہ پختون قوم کی ثقافت اور روایت کو بھی بری طرح سے کچلا جارہا ہے جس پر پختون قوم کو طالبانائزیشن کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پختون قوم کے نہیں بلکہ طالبانائزیشن کے خلاف ہیں اور وہ پختونوں کو اپنا بھائی تسلیم کرتے ہیں۔گلفراز خان نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقے میں مشکوک عناصر پر کڑی نگاہ رکھیں اور طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین نے رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف کی عیادت

کراچی ۔۔۔19، مئی 2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشور زہرا نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف کی عیادت کی اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کی اراکین محترمہ ثروت عثمان اور محترمہ بشریٰ صدیقی بھی موجود تھیں ۔انہوں نے شاہد لطیف کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے گلدستہ پیش بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،صوبائی وزراءاورارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا

## دورے کے موقع پرسوات،دیر،بونیراورشانگلہ کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا،عوام ومخیّر حضرات سے عیطات وصول کئے

کراچی۔۔۔19،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورصوبائی وزراء نے اتوار کے روزایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیااوروہاں سوات،دیر،بونیراورشانگلہ کے متاثرین کی بحالی کیلئے جاری کاموں کا جائزہ لیااوراس میں عملی طور پر حصہ لیا۔ارکان رابطہ کمیٹی،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور وزراء میں انیس قائم خانی،سیف یارخان،ممتازانوار،نیک محمد،سینیٹرشرالہ نشاط،ارکان قومی اسمبلی وصومحترمہ شگفتہ صادق،عمران سعید،ڈاکٹر ناہیدشاہدعلی،حسنہ آفتاب،شہنازسیف الدین،لشورزہرا،صابرہ خاتون،بلقیس مختار،شمیم وارثی،وزراء نادیہ گبول اورعسکری تقوی شامل تھے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دورے کے دوران رابطہ کمیٹی کے اراکین، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اوروزراء نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدر دفتر میں امدادی سامان اورنقدرقوم جمع کرانے کیلئے آنے والےعوام اورمخیّر حضرات کا خیرمقدم کیااوران سے عطیات وصول کئے۔انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں بڑی مقدار میں جمع ہونے والے امدادی سامان کا معائنہ کیااوران کی پیکنگ اور چھانٹی کے کاموں میں عملی طور پر حصہ بھی لیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اوروزراء نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان اوررضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیااوران کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبےکوسراہا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم جہان آباد یونٹ کے کارکن فرید کے والد جان محمد،ایم کیوایم نارتھ کراچی یونٹB-133 کی یونٹ کمیٹی کے رکن رفعت خانزادہ کے والد کرنل مشتاق احمد خان،ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن مظہر کے والدہ محترمہ نسیم بانو،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یوٹ 113 کے کارکن ارسلان علی کے بھائی صمدعلی اورایم کیوایم رنچھوڑلائن سیکٹر یونٹ 30 کے کارکن اشرف کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کراچی کے شہریوں کو بجلی کے بحران سے نجات دلانے کیلئے کے ای ایس سی کو فی الفور حکومتی تحویل میں لیا جائے،اراکین قومی صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔19،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکین قومی وصوبائی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت فوری طور پر کے ای ایس سی کو اپنی تحویل میں لے کیونکہ اس کی مجرمانہ غفلت اوربجلی کی طویل دورانیہ کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث کراچی کے شہریوں میں شدید تشویش اورغم وغصہ خطرناک شکل اختیارکرتا جارہاہے اوران کے صبر کا پیمانہ لبریز ہورہا ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بجلی کے بحران سے نجات دلانے کیلئے کے ای ایس سی کو فی الفور حکومتی تحویل میں لیا جائے۔ کے ای ایس سی کی انتظامیہ مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرنس آئل اورگیس نہیں خرید رہی ہے جبکہ دوسری جانب صارفین سے ماہانہ ایوریج بل کی مد میں ماہانہ بھاری رقوم وصول کی جارہی ہے،اس کے باوجود شہری دن میں بھی بجلی کی سہولیت سے محروم ہیں اوررات میں بھی عذاب کا شکار ہیں۔اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا کہ بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ اور بحران کراچی اوراس کے شہریوں کے خلاف گھناؤنی سازش ہےاورموسم گرما میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے اثرات نہ صرف صنعتی،کاروباری اورتعلیمی سرگرمیوں پر پڑرہے ہیں بلکہ اس سے عوام ذہنی تناؤ میں مبتلا ہورہے ہیں اوروہ اپنے شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے احتجاج کررہے ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ پرامن احتجاج ہرشہر کا بنیادی حق ہے اورکراچی کے شہری اپنا حق استعمال کرسکتے ہیں جبکہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔کراچی ملک کا صنعتی حب ہےاورترقیاتی انجن ہے یہاں بجلی کا بحران نہ صرف امن وامان کی صورتحال کو متاثر کرسکتا ہے بلکہ عوامی ضبط کو توڑسکتا ہے جس کے بعد امن وامان برقراررکھنا انتہائی مشکل ہوسکتا ہےاوراس کی ذمہ داری کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ پر عائد ہوگی۔انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ

## عمر شریف اور دیگر فنکاروں نے بہادرآباد اور طارق روڈ پر سوات کے متاثرین کیلئے عطیات وصول کیے

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی جاری امدادی مہم کے سلسلے میں فلم، ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج سے تعلق رکھنے والے پاکستان کے قومی و بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکاروں نے منگل کے روز کراچی کے علاقے بہادرآباد اور قرب و جوار کے علاقوں میں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے نقد عطیات وصول کیے۔ اس مقصد کیلئے فنکار عمر شریف، شعیب پپو، نعیم عباس روفی، شکیل صدیقی، امجد رانا، امجد صابری قوال، انور اقبال، ارشد محمود، ایاز خان، سلیم چاند پوری اور صفدر ضیاء ایک فلوٹ پر سوار تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، صوبائی وزیر خالد بن ولایات، اور ٹاؤن ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد بھی موجود تھے۔ اس فلوٹ نے بہادرآباد اور طارق روڈ کی سڑکوں پر گشت کر کے عوام اور دکانداروں سے عطیات وصول کیے۔ فلوٹ پر عطیات وصول کرنے کا آغاز بہادرآباد کی چار مینار چورنگی سے ہوا جس نے طارق روڈ اور شہید ملت روڈ تک مختلف مقامات پر عطیات وصول کیے۔ اپنے محبوب اور مقبول فنکاروں کو اپنے درمیان دیکھ کر عوام اور دکاندار خوشگوار حیرت میں مبتلا ہو گئے اور انہوں نے حسب توفیق عطیات بھی دیے۔ یہ مناظر ناقابل فراموش تھے اور اس دوران انسانی ہمدردی کی بنیاد اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل کے جواب میں بڑے سے بڑے شاپنگ سینٹر اور دکان کے مالکان سے لیکر کنگھے اور ازاربن بیچنے والے بچے اور معذور و بزرگ افراد نے بھی اپنی اپنی سہولت کے مطابق عطیات دیے۔ کاروں، رکشوں، منی بسوں، ٹیکسوں اور موٹر سائیکلوں اور منی بسوں اور بسوں میں سوار مسافروں نے بھی اپنی گاڑیاں روک روک کر فنکاروں کو عطیات دیے۔ صرف چند گھنٹوں میں فنکاروں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے لاکھوں روپے کے نقد عطیات وصول کیے عوام نے ایک روپے سے لیکر ہزاروں روپے تک کے نقد عطیات، سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کیلئے جمع کرائے، بہادرآباد اور طارق روڈ کے علاقوں میں شاپنگ مختلف شاپنگ سینٹروں، ڈالمین شاپنگ مال، گلیمرون، لیوش شاپنگ مال، ڈالمین سینٹر، رابعہ سینٹر، پیراڈائز سینٹر، متین سینٹر، شالیمار سینٹر اور طارق سینٹر میں بھی گئے اور ایک ایک دکاندار سے عطیات وصول کیے اس مقصد کیلئے انہوں نے اپنے ہاتھوں میں بڑے کاٹن اٹھا رکھے تھے جس میں عوام اور دکانداروں نے نقد عطیات ڈالے اس سلسلے میں خواتین کے جذبات اور جوش وخروش قابل دید تھا اور انہوں نے زیادہ تعداد میں فنکاروں کو عطیات دیے۔ ایم کیو ایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن نے کے رضاکاروں اس امدادی مہم کے سلسلے میں ایک دیدہ زیب فلوٹ تیار کیا تھا جس پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصویر کے علاوہ پاکستان کا قومی پرچم اور ایم کیو ایم کا پارٹی پرچم لہرا رہا تھا، اس فلوٹ کی قیادت ممتاز بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکار عمر شریف نے کی جبکہ دیگر فنکاروں نے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ امدادی مہم کا یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا

## معروف قوال امجد صابری نے بھردو جھولی میری یا محمدؐ گا کر سماں باندھ دیا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی جاری امدادی مہم کے سلسلے میں منگل کے روز جو فلوٹ کراچی کے علاقے بہادرآباد اور طارق روڈ میں نکالا گیا اس میں کئی مواقعوں پر ممتاز قوال امجد صابری نے اپنے والد غلام فرید صابری کی شہرہ آفاق قوالی ''بھردو جھولی میری یا محمدؐ، لوٹ کر میں نہ جاؤں گا خالی، کچھ تو نواسوں کا صدقہ عطا ہو، کب سے آیا ہوں بن کے سوالی'' گائی تو وہاں ایک سماں بندھ گیا اور بہادرآباد اور طارق روڈ کے دکانداروں اور عوام نے دل کھول کر عطیات دیے۔

## اداکار عجب گل نے کے کے ایف کے امدادی مہم میں حصہ لیا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

اردو اور پشتو فلموں کے ہیرو عجب گل نے بھی منگل کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی مہم کے سلسلے میں نکالے گئے فنکاروں کے فلوٹ میں کچھ دیر کیلئے شرکت کی۔ انہوں نے اس موقع پر خود بھی اپنے ہاتھوں سے دکانداروں اور عوام سے نہ صرف عطیات وصول کیے بلکہ اردو اور پشتوں میں تقریر کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ عطیات دینے کی اپیل بھی کی۔

## کنگھے،مسواک، پھول کے گجرے فروخت کرنے والے بچوں نے بھی متاثرین کیلئے عطیات دیے

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سوات،دیر،بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی جاری امدادی مہم کے سلسلے میں منگل کے روز جو فلوٹ کراچی کے علاقے بہادرآباد اور طارق روڈ میں نکالا گیا اس موقع پر بہادرآباد اور طارق روڈ پر ازار بند،کنگھے،مسواک، پھول، گجرے اور لاسٹک فروخت کرنے والے چھوٹے چھوٹے اور معصوم بچوں نے بھی فنکاروں کو اپنی جانب سے اپنی بساط کے مطابق عطیات دیئے۔جبکہ ایک پھول فروخت کرنے والے بچے نے عمر شریف، امجد صابری اور دیگر فنکاروں پر اپنے پھول اچھال کر ان سے محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔اس موقع پر عمر شریف نے بچے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا آپ ہی تو اصل پاکستانی اور مسلمان ہو میں تم کو سلام پیش کرتا ہوں اللہ تعالیٰ تمہارا یہ عطیہ قبول فرمائے۔فنکاروں نے برگر اور پان کی دکانوں پر موجود لوگوں سے مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بھائیو ایک دن برگر نہ کھاؤ، کولڈرنک نہ پیو، پان نہ کھاؤ، سگریٹ نہ پیو اس کے بدلے رقم ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دے دیں تاکہ سوات،دیر، بونیر اور شانگلہ کے مصیبت زدہ متاثرین کی مدد کی جائے۔

## فنکاروں کا خطاب/ کے کے ایف کی امدادی مہم

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

فلم، ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج کے پاکستانی نامور فنکاروں عمر شریف، ایاز خان، انور اقبال، شکیل صدیقی اور دیگر فنکاروں نے کہا ہے کہ ہم ایک عظیم کارخیر میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ہاتھ بٹانے اور ان کے شانہ بشانہ چلنے کیلئے اپنے گھروں سے باہر آئے ہیں اور آپ سے اپنی جھولی پھیلا کر درخواست گزار ہیں کہ سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی بحالی کیلئے زیادہ سے زیادہ عطیات دیں، ہم آپ سے عطیات کی بھیک مانگ رہے ہیں اس کام میں ہمیں کوئی آڑ نہیں کیونکہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمیں ہدایت ہے۔یہ بات انہوں نے منگل کے روز بہادرآباد اور طارق روڈ کے علاقوں میں جاری امدادی مہم کے سلسلے میں مختلف مقامات پر جمع ہونے والے عوام کے بڑے اجتماعات سے خطاب کرتے ہو کہی۔انہوں نے عوام سے اپیل کی وہ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو زیادہ سے زیادہ عطیات دیں کیونکہ یہ واحد فلاحی ادارہ ہے جو آپ کے عطیات امانت سمجھتے ہوئے حقداروں تک پہنچاتا ہے۔آپ عطیات دیں اور آپ کے امانت کی حفاظت کی ذمہ داری ہماری ہے اور یہ متاثرین تک پہنچادی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین آج اپنے گھر ہوتے ہوئے بھی بے گھر ہیں اور وہ مدد کیلئے آپ کے طرف دیکھ رہے ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ان کی مدد کرنے کا سب سے پہلے فیصلہ کیا اور سب سے پہلے اپنی امدادی مہم کا آغاز کیا ہے۔ایم کیوایم خدمت الناس کا ایک ریکارڈ ہے دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بھی ایم کیوایم کی پیروی کرنی چاہئے ہم تمام فنکار فلاحی کاموں میں پہلے بھی الطاف حسین کے ساتھ تھے، آج بھی ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے۔

## ایم کیوایم کے کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن سیف الدین خالد کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن سیف الدین خالد کے بھائی احتشام الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## یم کیوایم برطانیہ یونٹ کا انیس الرحمٰن اور محمد طارق سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔19 مئی2009ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ٹریفک حادثہ میں ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے کارکنان انیس الرحمٰن اور محمد طارق کی کزن بشریٰ حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

☆☆☆☆☆